لکن قائم الذی یطہر الارض من اعداء اللّٰہ و بملاء ھاعد لا کما ملئت جوراً ہو الخامس من و لدی لہ غیبة یطول امرہ ....الخ۔
”یعنی وہ قائم جو زمین کو دشمنان خدا سے پاک کردے گا اور اسے عدل سے اُسی طرح پر کردے گا جس طرح وہ ظلم سے بھری ہو گی ۔ تو وہ میرا پانچواں فرزند ہو گا ۔ جس کی غیبت کی مدت طولانی ہوگی۔“
بحار ج ۵۱ص۱۵۱

نص امام علی رضا علیہ السلام : دعبل خزائی ایک پائے کے شاعر تھے انہوں نے آئمہ کی مدح میں قصیدہ کہا تھا اور امام رضا علیہ السلام کی بارگاہ میں اسے سنانے آئے تھے ۔ ان کا قصیدہ سن چکنے کے بعد آپ نے ان سے پوچھا کہ یہ جس امام کے خروج کا ذکر تم نے کیا ہے کیا جانتے ہو کہ کون ہے ؟ عرض کیا نہیں ۔ مگر اتنا سنا ہے کہ آپ ہی میں سے وہ امام ہوگا۔ فرمایا

یادعبل الامام بعدی محمد ابنی و بعد محمد ابنہ علی و بعد علی ابنہ الحسن و بعد
الحسن ابنہ الحجةالقائم المنتظر فی غیبة.......
”یعنی اے دعبل میرے بعد امام محمد ہوں گے ان کے بعد ان کے فرزند علی ہوں
گے ، اور علی کے بعد ان کے فرزند حسن ہوں گے اور حسن کے بعد ان کے فرزند
الحجة القائم المنتظر ہوں گے جن کے لئے غیبت ہے۔“
بحار ج ۵۱ص۸۵۴

نص امام محمد تقی علیہ السلام : ہمارا قائم میرا تیسرا فرزند ہیو
بحار ج ۵۱ص۱۵۶

نص امام علی نقی علیہ السلام:میرے بعدمیرابیٹا حسن امام ہوگا اورحسن کے
بعداسکا بیٹا امام ہوگا جوقائم ہوگا اوروہ زمین کوعدل وانصاف سے بھر دیگا۔
بحارالانوار ج۵۱ص۱۵۹۔۱۶۰

نص امام حسن عسکری علیہ السلام :میرے بعدمیرابیٹاتمہاراامام ہوگا او وہ آل
ِمحمدکی جانب صسے تم پر حجت ہوگا۔
بحارالانوارج۵۱ص۱۶۰

اوپر دیئے ہوئے نصوص کے بعد ہر بہائی کے لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ
حضرت مہدی علیہ السلام پر ایمان لائے کیوں کہ گیارہ اماموں تک کے تو بہائی
حضرات یا ان کے بانی بھی معتقد تھے ، اور ان کا کہنا ماننا ان پر واجب ہے ۔
اوپر دی نصوص تو صرف نمونہ کے طور پر نقل کر دی گئے ہیں ، ورنہ خواہش
مند حضرات بحارالانوار کے حوالہ میں دئیے ہوئے صفحات کے آگے پیچھے صفحات
کی روگردانی کریں تو بیشمار ایسی روایتیں ملیں گی جو نہ صرف عقیدیہ میں
پختگی کا سبب بنیں گی بلکہ ثواب عظیم بھی حاصل ہوگا۔ یا پھر کتاب وسائل
الشیعہ اٹھا کر دیکھیں توایسے بہت سے نصوص ملیں گے ۔

بہائی حضرات سے ایک سوال یہ بھی ہے کہ ہم نے تو یہاں کم ازکم چودہ
نصوص ہر امام سے نقل کردیں بلکہ تمہارے خود ساختہ مہدی و نبی سے بھی
اب تم ایک بھی ہمارے امام سے اپنے خود ساختہ مہدی کے لئے نص پیش کر دو تو
ہم ایمان لے آئیں گے۔
نتیجہ: بہائیوں کا اس قسم کے شک و شبہات پر اعتماد طور پر عوام کے سامنے
لانا عوام کو اگر منکر نہیں کر دیتا تو کم ازکم شک و شبہ میں تو ڈال ہی دیتا
ہے۔ لہٰذا ہمارے ذاکرین اور علماء پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ رسول
کے آخری فرزند کے بارے میں روایتیں نقل کریں اور عوام کو ان سے آگاہ کریں
کیوں کہ خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:

مَن مات ولم يعرف امام زمانہ مات ميتة الجاہلية ۔ بحارالانوارج۲۳

اور جب عوام اصل مہدی علیہ السلام سے آگاہ ہوگی تو پھر جھوٹے مہدی کی طرف جائے گی ہی نہیں ۔ بلکہ روایات کی روشنی میں اگر یہ کہیں تو بات اور صاف ہو جائے گی کہ اگر وقت کے امام کی معرفت حاصل کر لی تو پھر گمراہی کے مواقع کم رہ جاتے ہیں ۔ لہٰذا حضرت امام حسین علیہ السلام نے ایک سوال کے جواب میں کہ معرفت خدا کیا ہے ؟ فرمایا:

”وقت کے واجب الاطاعت امام کی معرفت ہی خدا کی معرفت ہے۔“

اور ہم والدین کی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے بچوں کو ایسے اسکولوں میں دنیا سنوارنے کے لئے نہ ڈالیں جو دشمنان امام زمانہ علیہ السلام کے ہاتھوں میں ہے ۔ کیوں کہ بقول امیرالموٴمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام بچپنے کی تعلیم پتھر پر کندان کرنے کے مانند ہے پھر وہ مٹتی نہیں ہے۔ ہم بچے کی دنیا سنوارنے کے لئے تو بہائی اسکولوں میں بھیجیں اور لڑکا آخرت میں آگ میں جلتا ہوا دیکھیں یہ کوئی عقلمندان فیصلہ تو نہیں۔

شیعہ نظریہ: والدہ کے نام میں شک ڈال کر ولادت سے ہی انکار ۔

بہائی حضرات کو نص مل جانے کے بعد اب وہ بحار اور دوسری معتبر شیعہ کتابوں سے روایات کو آدھی پونی نقل کر کے کہتے ہیں کہ آپ کے تو کئی نام ہیں ۔ مثلاً فرماتے ہیں ۔

شہید اوّل اپنی کتاب دروس میں اما م صاحب الزّمان علیہ السلام کا نام صیقل بتاتے ہیں ۔بعض نرجس بتاتے ہیں ۔ اور بعض مریم بنت زید بتاتے ہیں۔

دوسری روایت غیاث ابن اسد کی ہے جو آپ کی ماں کا نام نرجس، صیقل،سوسن اور ریحانہ بتاتے ہیں ۔

لوگوں نے جو امام زمانہ کی ماں سے انکا نام کیوں نہیں پوچھا تا کہ بات صاف ہو جاتی ۔

جوابات:

دنیا بھر میں ہر جگہ ہر چیز کے لئے لوگ باپ کا نام دریافت کرتے ہیں ۔اورماں کا نام جلدی کوئی نہیں پوچھتا کیوں کہ نسل باپ سے چلتی ہے نہ کہ ماں سے۔
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم کا شجرہ حضرت آدم سے ملتا ہے لیکن ماں ۔ نانی وغیرہ کی معلومات کہاں تک میسر ہے ۔ تو کیا ان کے اولوالعزم نبی ہونے پر اس سے کوئی آنچ آجاتی ہے۔

گذشتہ زمانے کے شرفاء ہی نہیں بلکہ آج بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو عورتوں کا نام لوگوں کو بتانا معیوب سمجھتے ہیں یہاں تک کہ شادی کے کارڈ پر دولہن کا نام نہیں ڈالتے بلکہ اسکے باپ کا نام ڈالتے ہیں ۔کچھ لوگ ایسے بھی گذرے ہیں جو اپنی لڑکی کو خط لکھتے وقت انکا پورا نام نہیں لکھتے تھے بلکہ اگر لڑکی کا نام سکینہ ہے تو ’س‘کو سلام ۔ یا بیٹی ’س‘ تم کو تمہارے والد کا سلام۔

شیعہ روایتوں کی رو سے اللہ تبارک و تعالیٰ قیامت میں مردوں کو ماں کے نام سے اٹھائے گا ۔ چونکہ یہ ایام بہائیوں کے روسے آخرت کے ایام ہیں اور مرزاحسین علی بہاء اللہ نے الوہیت کا دعویٰ بھی کیا ہے ۔ اور امام زمانہ آواز دینے پر بھی حاضر نہیں ہو رہے ہیں ان کے سامنہ ۔ لٰذا انھیں ماں کہ نام کی صحیح ضرورت پڑی۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم اور دیگر آئمہ معصومین علیہم السلام کی رو سے یہ بات ثابت تھی کہ حضرت اما م حسن عسکری علیہ السلام کے یہاں ایک ایسی اولاد پیدا ہوگی جو دنیا میں عدل و انصاف قائم کرے گی اور ظلم وجور کا خاتمہ کرے گی لہٰذا بادشاہ وقت پہلے سے ہوشیار تھہ ۔ اور اپنہ سپاہیوں کو یہ حکم دے رکھا تھا کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے گھر میں کبھی بھی بغیر اجازت داخل ہو جانا اور اگر کوئی بچہ کشی عورت کے پاس ملے تو اس کا سر قلم کر کے لے آنا لہٰذا ہو سکتا ۔ امام نہ کئی کنیزیں رکھیں ہوں جن کے یہ نام بتائے جا رہے ہوں۔ اور بادشاہ کے نمائندوں کے اندر آتے وقت اصل مادر امام زمانہ کو چھپا کر دوسروں کو سامنے کر دیں۔

مشاہدہ بتاتا ہے کہ ایک آدمی کے شروع ہی سے کئی نام رکھ دیے جاتے ہیں ۔ کوئی تاریخی ہوتا ہے ۔ کوئی عرفی ، کوئی پیار کا ہوتا ہے اور کوئی صفات کا، یہ تعداد اسماء نہ کسی زمانے کے ساتھ مخصوص رہا ہے نہ کسی ملک و صنعت کے ، لہٰذا اگر جناب نرجس کے بھی کئی نام تھے تو اُس سٰ ان کی شخصیت کیوں کر مشکوک ہوسکتی ہے ۔ یہ سنت تو اللہ ، نبی ، آئمہ ، باب ، بہاء اللہ ، عبدالبہاء سب کے ساتھ ہے کہ ان کے ایک سے زیادہ نام یا تو ؟؟ کی بناء پر ہے یا القاب و صفات کی بنا ء پر ۔ روایات میں ملتا ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کو جناب فاطمہ زہراء سلام اللہ کبھی ابوتراب اور کبھی ابولحسن کے نام سے بلاتی تھیں۔ یااللہ نے اپنے رسول کو قرآن میں طٰہٰ کبھی یٰسین کہہ کہ مخاطب کیا ہے ۔ کیا کہیں بھی محمد بن عبداللہ پورے نام سے بلایا ہے؟ یا بہائی روایات میں ملتاہے کہ مرزا علی محمد کو باب بھی کہتے تھے ۔ مبشر بہاء بھی ۔ نقطہ اولیٰ بھی کہتے تھےیا ان کے سب سے پہلے ماننے والے بشروئی کو باب الباب یا (Those who brought Faith first)بھی کہتے تھے ۔ یا مرزا حسین

علی جب پہاڑ سے نیچے آئے تو انہوں نے آپ کو بہاء اللہ کہلوایا ۔Dawn Breakers

غلام و کنیز کی خریداری کے بعد فرقہ امامیہ کے نزدیک نام بدل دینا مستحب ہے۔ (دیکھو کتب فقیہ۔ باب التجارة) اور نہیں کہ پہلے کا نام بالکل مٹ جائے لٰذا کسی کنیز یا غلام کا کئی نام ہونا بعید نہیں ہے اور جناب نرجس بظاہر کنیز تھیں لہٰذا متعدد ناموں کا ہونا قابل تعجب نہیں ہے نرجس ، سوسن، صیقل اور ریحانہ جیسے نام عام طور سے کنیزوں کے ہوا کرتے تھے۔

آپ کو اس پر اصرار ہے کہ خود امام غائب کی ماں سے کسی نے خود نہ دریافت کیا تو سنئے جب امام حسن عسکری علیہ السلام نے حضرت نرجس کو گھر لٹنے کی خبر دی تو آپ نے فرمائش کی کہ یا حضرت میرے لئے دعا فرمائیے کہ آپ سے پہلے مجھے موت آجائے۔ (بحار ج ۳) اب آپ ہی بتائیے کہ اتنی جلدی مادر امام کا انتقال ہوگیا تو بھلا راوی کس سے پوچھتے۔

اب اور سنئے (بحار ج ۱۳ ص ۴) پر ایک روایت ملتی ہے جس میں بشیر بن سلیمان سے جناب نرجس اپنی سر گذشت بیان کر رہی ہیں اس روایت میں اپنا اصل نام ونسب یوں بیان کیا۔

انا ملیکة بنت یشوعا بن قیصر ملک الروم و امی من والا للحوارین تنسب الی وصی المسیع شمون۔

”)میں ملیکہ بنت یشوعا ہوں)۔ پھرجب قصر شاہی سے معمولی لباس میں نکلیں اور شیخ کے ساتھ میں گرفتار ہوئیں تو آپ نے نام نرجس بتایا۔ اس نے کہا کنیزوں والا نام ہے ۔

اور پھر روایت کے آخر میں امام علی نقی کا قول ہے ۔

فانہا زوجة ابی محمد و ام القائم۔

جب امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے بیٹے کی ولادت سے سوائے چند لوگوں کے اور کسی کو باخبر نہیں کیا تو کی ماں کے نام سے با خبر کر دیا۔

چونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم نے خواب میں آپ کو اسلام قبول کروایا۔ اور نکاح پڑھا ہے اور وہاں امام حسن عسکری علیہ السلام کو بھی آپ کا صحیح نام بتایا۔ لہٰذا جناب نرجس نے خوداپنا نام دوسرٰ خریداروں کو الگ الگ بتایا کہ جب کوئی صحیح نام لے کر آئے گا تو میں اُس کے ساتھ جاوٴں گی۔اور اپنے صحیح وارث تک پہونچوں گی۔

کسی کی ماں کا نام صحیح نہ معلوم ہونے کی صورت میں اس کی عظمت پر
حرف نہیں آتا ورنہ بہت سے انبیاء کی عظمت بھی مٹ کر رہ جائے گی۔

نتیجہ:

بہائی حضرات امام زمانہ علیہ السلام کی ماں کے نام پر شک و شبہ ڈال کر بہت
بیہودہ الفاظ استعمال کرتے ہیں جس کی ادائیگی بحر حال مجھ سے ممکن
نہیں ۔ اس لئے کہ اگر ماں میں لوگ مشکوک ہوجائیں گے تو بچے کی ولادت کے
انکار میں آسانی ہوگی۔ دراصل یہ ذمہ داری ہم پر بھی عائد ہوتی ہے کہ ہم
جہاں آئمہ معصومین کے تذکرے کم از کم ولادت و شہادت پر کرتے رہتے ہیں
وہاں ان تقریبوں میں آئمہ معصومین علیہم السلام کی ماؤں کا بھی تذکرہ کیا
کریں اور ان کے لئے تحفہ با شکل مستحب اعمال کے بھیجتے رہا کریں کیوں کہ
ان لوگوں کا بھی ہم پر احسان ہے ۔ اس کے علاوہ جب ان اعمال صالحات کی
خبریں ان کی اولادوں اور شوہر تک پہنچیں گی تو وہ بھی خوش ہوجائیں گے اور
ہمارے لئے دعاء خیر کریں گے جو ہماری رہتی دنیا اور ہمیشہ رہنے والی آخرت
کے لئے سرمایہ ہوگا۔

شیعہ نظریہ: شبہاتِ ولادت

بہائی حضرات ماں کے نام کے بعد اب آگے بڑھتے ہوئے بڑے جسارت آمیز انداز میں
شواہد شہادت کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ تاریخ میں کل دو راوی ملتے
ہیں جو اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ امام عسکری علیہ السلام کے یہاں
کوئی لڑکا بہ نام 'محمد' پیدا ہوا۔ ایک تو امام محمد تقی علیہ السلام کی بیٹی
اور امام حسن عسکری علیہ السلام کی پھوپھی حکیمہ خاتون ہیں اور دوسرا
راوی عقید ہے جو امام حسن عسکری علیہ السلام کا خادم ہے۔

جوابات:

ولادت کے عینی شاہد کی جہاں تک بات ہے ۔ تاریخ اٹھا کر دیکھئے کہ امام حسن
عسکری علیہ السلام کے نام کے آگے 'عسکری' کیوں لگا اس لئے کہ بادشاہ وقت
نے امام کو' عسکر ' میں رکا رکھا تھا جو فوجی چھاؤنی کو کہتے ہیں۔ تاریخ میں
ملتا ہے امام کے مخلص شیعہ کبھی تیل بیچنے کے بہانے کبھی کوئی اور چیزبیچنے
کے بہانے امام کی زیارت سے مشرف ہوا کرتے تھے۔ ایسے ماحول میں ولادت کے
عینی شاہدین کہاں سے مل پائیں گے ۔

عام طور سے بھی ولادت کے عینی شاہدین کہاں ہوا کرتے ہیں ۔ ایک داعی یاآج
کل وہ ڈاکٹر جو زچکی کراتی ہے۔ اور شاید اسپتال کی آیا ہو ورنہ اور لوگ کہاں
عینی شاہد ہوا کرتے ہیں ۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ چٹکلا یاد آگیا وہ بھی
سنتے چلئے ۔ ایک صاحب کی دادی بیان کرتی ہیں کہ بیٹاجب تم پیدا ہوئے تھے تو
میں جب اسپتال پہنچی تو دیکھا کہ ایک ہی جھولے میں دو بچے لیٹے ہیں اور

دونوں ہی لڑکے اتنے میں ہماری ایک سہیلی اور آگئیں میں نے اس سے کہا کہ دیکھو دونوں لڑکے ہو گئے میں چاہتی تھی کہ ایک لڑکی ہوتی اور ایک لڑکا ۔ اسپتال کی نرس یہ بات سن رہی تھی ۔بھاگی بھاگی گئی اور ڈاکٹر کو بتایا ۔ ڈاکٹر فوراً آئی اور مجھ سے کہتی ہے تیری بہو سے پوچھ لے اس کو ایک ہی بچہ ہوا ہے تو جاتے وقت مجھ سے دو مانگے گی تو میں کہاں سے دونگی۔ جناب جب آج کے ترقی یافتہ آزادانہ ماحول میں ایک ڈاکٹر اور ایک نرس عینی شاہد ہوا کرتے ہیں تو اُس وقت کے دور میں کہاں لوگ ہوا کرتے تھے۔

جناب باب مرزا حسین علی ، عبدالبہاء اور شوقی آفندی کے لئے تو وہ بھی ایک سے زیادہ گواہ نہیں ملتے۔

سب سے بڑا گواہ تاریخ کا رجسٹر ہوا کرتا ہے ۔ اور Birth Certificate ہوا کرتا ہے جو محکم اور جب چاہیں تب معلوم کرلیں ۔

آپ کی معلومات میں اضافہ کی غرض سے ۱۲۰/ تاریخ دان عامہ نے حضرت کی ولادت کو نقل کیا ہے۔ شیعوں کی تو تعداد چھوڑئیے اور یہ سب کے سب آپکے مذہب کی بنیاد سے پہلے گذر چکے ہیں

پھر بھی آپ کایہ دعویٰ بالکل بے بنیاد ہے ۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمة نے کم از کم ولادت امام کی خبر دینے والے راویوں کی تعداد کم از کم ۱۸/ بتائی ہے۔ ہم یہاں ان میں سے کچھ کا ذکر کر رہے ہیں ۔

پہلی شہادت

معلّی بن محمد کا بیان ہے کہ امام حسن عسکری کی توقیع بایں مضمون وارد ہوئی ۔جب کہ زبیری قتل ہوگیا اُس شخص کی یہی جزاء ہے ۔ جو اولیاء خدا کے بارے میں افتراء پر دازی کرتا ہے ۔ اُس کا یہ خیال تھا کہ وہ مجھے اس عالم میں قتل کردے گا کہ میرا سلسلہ آگے نہ بڑھے ۔ دیکھا خدا کی قدرت کیوں کر ظاہر ہوئی حالانکہ حجة کی ولادت ہو گئی ۔
بحار ج ۵۱ص۴

اس حدیث کو پڑھنے کے بعد اب یہ اعتراض ہو کہ نام تو بتایا ہی نہیں تو پھر ان حدیثوں پر نظر کریں جس میں امام عصر علیہ السلام کا نام لینے کو منع کیا گیا تھا۔

دوسری شهادت:

احمد بن حسن قمی کا بیان ہے ......امام حسن عسکری علیہ السلام کا خط آیا کہ فرزند پیدا ہوا اُس کو مخفی اور پوشیدہ رکھنا ہے ہم نے صرف مخصوصین پر اس کو ظاہر کیا ہے۔ بحارج۵۱ص۱۶

تیسری شهادت:

ابوالحسن امام علی نقی نے اپنی بہن حکیمہ سے فرمایا:

”اے نبت رسول اللہ انھیں (نرجس کو) اپنے گھر لیجا کے فرائض و سنن کی تعلیم دیجیے ۔ فانہا زوجة ابی محمد و امّ القائم ۔ اس لئے کہ یہ امام حسن عسکری علیہ السلام کی زوجہ اور حضرت قائم کی والدہ ہیں۔“

امام کا ارشاد خود واجب الاذخان پھر اس پر زور یہ کہ جملہ بعنوان خبر پیش فرمایا ہے جو قواعد عربیہ کے لحاظ سے حتمی الوقوع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

چوتھی شهادت:

ابراہیم بن محمد سے نسیم خادمہ امام حسن عسکری علیہ السلام نے بیان کیا کہ حضرت حجة کی ولادت کے دوسرے روز میں آپ کے سامنے گئی چھینک آئی تو آپ نے یرحمک اللہ کہا۔

بحار ج ۵۱ ص۵

پانچویں شہادت:

نسیم اور ماریہ کا متفقہ بیان ہے کہ جب امام زمانہ بطن مادر سے زمین پر تشریف لائے تو گھٹنے زمین پر ٹکے ہوئے تھے اور دونوں انگشت شہادت آسمان کی طرف بلند تھیں۔ پھر حضرت کو چھینک آئی تو فرمایا الحمدللہ رب العالمین۔

بحار ج ۵۱ ص۵حدیث ۷

چھٹی شہادت:

ابو غانم خادم کا بیان ہے کہ ابو محمد امام حسن عسکری علیہ السلام کے ایک فرزند پیدا ہوا جس کا نام آپ نے م۔ح۔م۔د رکھا ۔ تیسرے دن آپ نے اس مولود کو اپنے اصحاب پر پیش فرمایا ۔

هٰذا صاحبکم من بعدی و خلیفتی علیکم۔

”میرے بعد یہ تمہارے صاحب اور تم پر میرا خلیفہ ہے یہی وہ قائم ہے جس کا انتظار کیا جائے گا جب ظلم و جور سے دنیا بھر جائے گی تو یہ ظاہر ہو کر اسے عدل و داد سے بھر دے گا۔“ بحار ج۵۱ص۵حدیث ۱۱

نوٹ: امام نے فرمایا کہ وہ ظاہر ہو کر عدل و داد سے بھر دے گا نہ کہ جانے کے بعد اس کے لوگ عدل کا انتظار کریں گے جیسا کہ بہائی حضرات کر رہے ہیں ۔ اور لیجئے اس سے بھی صاف اور کوئی گواہی چاہئے۔

ساتویں شہادت:

ابو نعر خادم کا بیان ہے کہ میں امام زمانہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپ نے سرخ مندل طلب کیا میں نے لاکر حاضر کیا فرمایا تم مجھے پہچانتے ہو ؟ میں نے کہا آپ میرے آقا اور آقا کے فرزند ہیں فرمایا ....میں خاتم الاوصیاء ہوں ۔

بحار ج ۵۱ص ۱۱۴

آٹھویں شہادت:

ابراہیم صحابی امام عسکری علیہ السلام کا بیان ہے کہ امام نے چار مینڈھے میرے پاس مع اس پر تحریر کے روانہ فرمائے۔ ”بِسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ میرے فرزند مہدی کی طرف سے ہیں۔ تم بھی کھاؤ اور ہمارے شیعوں کو بھی کھلاؤ۔“

بحار ج ۵۱ ص۱۰

نویں شہادت:

احمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ پھر امام حسن عسکری علیہ السلام چودھویں رات کے چاند کے مانند تقریباً سہ سالا فرزند کو کاندھے پر لئے ہوئے برآمد ہوئے اور فرمایا کہ اگر تیرا اعزازنہ مقصود ہو تا تو ہرگزمیں سا کو نہ دیکھاتا۔ یہ میرا فرزند ہم نام و ہم کنیت رسول اللہ ہے۔

بحار ج ۵۱ص ۱۱۲

دسویں شہادت:

ابراہیم بن ادریس کا بیان ہے ۔پھر میرے پاس دو مینڈھے امام حسن عسکری علیہ السلام نے بھیجے اور بعد بسم اللہ کے لکھا ہے ان دونوں کو اپنے آقا کی طرف سے عقیقہ کرکے خود بھی کھا اور اپنے بھائیوں کو بھی کھلاؤ

بحارالانوار ج ۵۱ص ۸

گیارہویں شہادت:

حمزہ بن نعر نے اپنے باپ سے روایت کی ہے اس کا بیان ہے کہ ولادت کے موقع پر گھر والوں میں خوشیاں منائی گئیں جب شاہزادے کی نشو نما ہونے لگی تو مجھے گوشت کے ساتھ گودے دار نلی کی خریدی کرنے کا بھی حکم ملا۔ اور مجھ سے کہا گیا کہ یہ ہمارے چھوٹے آقا کے لئے ہے۔ بحار ج ۵۱ص۸

بارہویں شہادت:

حسین بن علوی کا بیان ہے ....’میں سامرہ میں امام حسن عسکری علیہ السلام کے پاس ان کے فرزند کی ولادت کی مبارک یاد کے لئے حاضر ہوا۔

بحار ج ۵۱ ص ۶

تیرہویں شہادت:
اسماعیل بن علی نو بختی کا بیان ہے فرزند مصطگی کا جوشاندہ کر پلایا ۔پھر نماز کے لئے وضو کرایا۔ پھر بیمار باپ نے فرمایا کہ” بیٹا !مبارک ہو تم صاحب الزمان اور مہدی ہو۔“
بحار ج ۵۱ ص ۱۱۰

چودھویں شہادت:
احمد بن عبداللہ ہاشمی کا بیان ہے ....میں امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات کے موقع پر ان کے گھر گیا اور حضرت کا جنازہ نکالا گیا ۔ہم ۳۹ (انتالیس) آدمی بیٹھے ہوئے منتظر تھے کہ ایک پورے قد کا ردا پوش نو جوان بر آمد ہوا ہم اس کی ہیبت سے گھبرا گئے پھر ہم سب نے اس کے پیچھے نماز پڑھی۔
بحار ج۵۱ص ۱۰۷

ان شہادتوں کے علاوہ بے شمار چیزیں حضرت حجت کی ولادت کے ثبوت میں موجود ہیں۔ جن کو بخوف تطویل ترک کیا گیا ہے۔ اس مختصر بیان سے قارئین پر یہ امر اچھی طرح سے واضح ہو گیا ہوگا کہ حضرت کی ولادت کا ثبوت صرف حکیمہ خاتون یا عقید خادم کے بیان پر نہیں موقوف ہے بلکہ بالفرض یہ دونوں شہادتیں نہ بھی ہوتیں تو بھی ان کی ولادت ثابت تھی۔ شاید کوئی ان شہادتوں سے یہ نکتہ نکالے کہ ان سب کو تو حضرت امام حسن عسکری علیہ نے ہی بتایا۔ لہٰذا ایک ہی راوی ہے جو مودبانہ عرض ہے کہ بیٹے کی پیدائش کی خبر باپ یا گھر والے ہی دیا کرتے ہیں۔ یہ دوسروں کے یہاں کا طریقہ ہوگا کہ بیٹے کی پیدائش کی خبر کوئی اور دیتا ہو۔ دادا اس دنیا میں موجود نہ تھا ۔چچا خود دعویٰ کے چکر میں تھا۔ نانا اور نانی کا سوال ہی نہیں اٹھتا کیوں کہ ماں کنیز تھیں۔ اور پھر دادا نے تو آنے سے پہلے ہی خبر دے دی تھی۔

ان سب شہادتوں کے علاوہ دورانِ غیبت صغریٰ نائبین کے ذریعہ شیعوں کے بغیر سیاہی سے لکھے ہوئے سوالوں کے صحیح جواب دے کر ثابت کردیا کہ دنیا حجت خدا سے خالی نہیں ۔کیا یہ ان کی پیدائش کی دلیل نہیں۔

دورانِ غیبت صغریٰ آپ نے بہت سے لوگوں کو شرف ملاقات عنایت کیا جن کی تعداد کا معین کرنا مشکل ہے اور اسی طرح دوران غیبت کبریٰ میں آج بھی لوگوں کو شرف ملاقات عنایت کرتے ہیں ۔ یہ نہ صرف پیدا ہونے کی دلیل ہے بلکہ بقا کی بھی جیتی جاگتی دلیل ہے۔

ان تمام دلیلوں کے بعد اگر اب بھی ان کی ولادت اور وجود ثابت نہیں ہوتا ہے تو
پھر شاعر کا وہ شعر یاد آتا ہے جو کہتا ہے ۔
کس طرح نظر آئے انہیں جلوہ مہدی
سورج نہیں دیکھتی معذور نگاہیں

شیعہ نظریہ: دنیا کا امام سے خالی رہنا

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات کے بعدروئے زمین پر کوئی امام باقی نہیں رہا۔ اور زمانہ 'فترہ' شروع ہو گیا ۔ جو ایک ہزار سال تک جاری رہا۔ اس ایک ہزار سال کے زمانے کو جب ہم ختم کرتے ہیں اور ۱۲۶۰ئھ میں آتے ہیں ۔ تو حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام صادق علیہ السلام کے الفاظ واقعہ بن کر ہمارے سامنے آتے تھے۔ یعنی ۱۲۶۰ھء کی تاریخ میں ہم پڑھتے ہیں ۔ کہ ۵/ جمادی الاوّل ۱۲۶۰ئھ مطابق ۲۳/مئی ۱۸۴۴ءء کو ایران کی سر زمین و آسمان ایک ۲۵: سالہ نوجوان کے ان الفاظ سے گونج اٹھی کہ ۔
انا القائم الذی کنتم لہ تنتظرون۔
'میں ہی ہوں وہ قائم جس کا تم انتظار کررہے ہو'
یہ تاریخی ہستی تاریخ میں باب کے لقب سے مشہور ہے۔

جوابات:

زمانہ فترہ دو ظاہر نبیوں کے درمیان ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ صاحب قاموس رقمطراز ہیں 'الفترہ بین کل نبین' ہردو(ظاہری)نبی کے درمیانی فاصلہ کو فترہ کہتے ہیں ۔ ورنہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ کہ خدا کبھی زمین کو حجت خدا سے خالی نہیں رکھتا۔ اس سلسلہ میں آئمہ معصومین سے حدیثیں ذیل میں پیش کی جارہی ہیں جن کے آپ بھی معتقد ہیں ۔جیسا کہ آپ کے بیانات سے ظاہر ہے۔
لو لا الحجة السافت

راوی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا :
یکون فترة لا یفرف للمسلمون امامهم فیها؟
”کیا ایسا زمانہ بھی ہوگا جس میں لوگ اپنے امام کو نہ پہچانیں گے؟“
فرمایا یہ کہا جاتا ہے ۔ پوچھا ہماری تکلیف کیا ہوگی؟ فرمایا:
”امر اوّل پر قائم رہو تا اینکہ دوسرا متحقق ہوجائے۔“
بحار ج ۵۱ ص ۱۴۰

قارئین ملاحظہ فرمائیں۔
راوی نے پوچھتے وقت بھی یہ پوچھا کہ لوگ اپنے امام کو نہ پہچانیں نہ کہ یہ کہا کہ زمین پر کوئی امام نہ ہو'یعرف' یہ بتا رہا ہے کہ ہوگا لیکن پہچانا نہیں جائے گا۔

امام نے جواب میں بھی یہی فرمایا ہے کہا جاتا کہ ایسا امر واقع ہوگا۔

پھر راوی کا یہ پوچھنا کہ اس وقت ہماری ذمہ داری کیا ہوگی۔بتا رہا ہے کہ جب امام ظاہر نہ ہو تو ہماری ذمہ داریاں ہیں۔

امام کا جواب امر اوّل پر قائم رہنا۔ بتا رہا ہے کہ اس درمیان کسی اور پر ایمان نہ لے آنا ۔ امام مرزا علی محمد باب جیسے لوگوں کی طرف اشارہ کررہے ہیں۔ نام اس لئے نہیں لیا کہ سنت رسول پر عمل کیا ۔ رسول کے زمانے میں بھی منافقین موجود تھے۔لیکن رسول نے نام لے کر نہیں بتایا۔ ایسے ہی امام صادق علیہ السلام نے ان جیسے منافقوں کا نام نہیں لیا ہاں یہ کہہ کر اشارہ کر دیا کہ ہوشیار رہنا۔

امام کا یہ کہنا تا اینکہ دوسرا متحقق ہو جائے بتا رہا ہے کہ زمانہ غیبت امام زمانہ میں ہماری پہلی ذمہ داری یہ ہے کہ وقت کے امام کو پہچانیں۔ اور اس کی حقیقت سے واقف ہوجائیں ۔ تاکہ ایسے دھوکے بازوں سے بچے رہیں۔

بہائی کتابوں میں ملتا ہے کہ چونکہ لوگ جنگ سے عاجز آگئے تھے اور مرزا علی محمد باب نے لوگوں سے یہ کہہ کر شروع کیا کہ میں امام زمانہ علیہ السلام تک پہنچانے کا ذریعہ ہوں جسے ’ صاحب فیض‘ کیا لوگ مرزا علی محمد کی طرف کھینچ آئے لیکن جب اس نے جیل سے مہدی ہونے کا دعویٰ کیاتو لوگوں نے اپنے اپنے ماتھے پیٹ لئے اور کہا ہائے ہمارا بیٹا فلاں جنگ میں نا حق مارا گیا یہ مہدی کیسے ہوسکتا ہے۔

یہ زمانہ فترہ توپورے ایک ہزار سال سے بھی زیادہ کا ہوگیا کیوں کہ بقولے روایاتِ امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ۸/ربیع الاوّل کو ہوگئی تھی۔ اور باب نے ۵/جمادی الاوّل کو اپنا اعلان کیا۔

یہ زمانہ فترہ کیوں امام حسن عسکری کی وفات اور باب کی بعثت تک لیا گیا کیوں نہیں باب کی پیدائش تک کیوں کہ امام تو جو ہوتا ہے وہ ولادت سے ہی امام ہوتا ہے ۔ سوائے اس کے کہ اس سے پہلے کا امام زندہ ہو بقول آپ کے ان سے پہلے کا امام تو زندہ نہیں تھا ۔ لہٰذا جیسے ہی باب پیدا ہوا زمانہ فترٰ ختم ہوجانا چاہئے تھا۔

جب وہ مہدی تھا تو اسے آج تک ’باب ‘دروازہ کیوں کہتے ہیں ۔ میڈیکل فرم میں جب کوئی میڈیکل ریپ مینیجر ہو جاتا ہے تو پھراسے میڈیکل ریپ نہیں کہتے

بلکہ مینیجر صاحب کہتے ہیں ایسے ہی جب وہ مہدی ہو گئے تھے تو پھر لقب باب ہی کیوں ابھی تک رہنے دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم نے جس مہدی کے آنے کی خبر دی ہے وہ خانہ کعبہ سے بین الرکن والمقام سے آواز بلند کرے گا ۔ ' انا بقیة اللہ خیر الکم ' نہ کہ ایران سے اور وہ بھی انا القائم الذی کنتم لہ تنظرون یہ تو منصور کی آوازاناالحق سے ملتی جلتی ہے۔

بہائی حضرات سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ یہ طے کریں کہ مرزاعلی محمد باب کا اصل مقام کیا ہے ۔ آیا وہ باب تھے جیسا کہ انھوں نے خود فرمایا۔یا وہ مہدی تھے جیسا کہ انھوں نے خود فرمایا۔ یا وہ مبشر بہاء اللہ تھے جیسا کہ بہائی حضرات کہتے ہیں' یا وہ ان سب کا Averageتھے۔

ہندوستان کی تاریخ میں ایک لطیفہ ملتا ہے کہ چاچا نہرو جب ہندوستان کے وزیر اعظم تھے تو آپ نے ایک بار کسی پاگل خانہ کا دورہ کیا ۔ خیر دورہ بڑا کامیاب تھا۔ جب وہ باہر نکلنے لگے تو ایک پاگل نے ان سے دریافت کیا صاحب آپ کا کیا نام ہے؟ انھوں نے جواب دیا 'چاچا نہرو'پاگل زور زور سے ہسنے لگا اور کہا تم جا نہیں سکتے تمہارا یہاں رہنا بہت ضروری ہے کیوں کہ جب میں یہاں داخل ہوا تھا تو میں بھی اپنا نام چاچا نہرو بتاتا تھا ۔ کہیں مرزا علی محمد صاحب کے ساتھ بھی تو ایسا ہی کچھ معاملہ نہیں تھا۔

بہائی حضرات تو اصل امام مہدی کے باپ کا نام ماں کا نام سب پوچھتے ہیں۔ آخر یہ کیوں نہیں پوچھتے کہ مرزا رضا بزاز کا سید علی محمد کیسے ہو گیا۔ ایران میں آج بھی مرزا اسے کہتے ہیں جس کی ماں سید ہو لیکن باپ غیر سید ہو ۔یہ باپ بدلنے کا مسئلہ سمجھ میں نہیں آیا۔ ویسے حرکتیں حقیقت کا انکشاف کرتی ہیں۔

نتیجہ:

بہائی حضرات خود یہ چاہتے ہیں کہ ان کا بھید نہ کھلے ۔ لٰذا و لوگ کسی بھی طرح شیعہ روایتوں کو موڑ توڑ کر حضرت مہدی علیہ السلام کی جگہ مرزا علی محمد باب کو لانا چاہتے ہیں حالانکہ وہ خود بارگاہِ خداوند عالم میں دعا کرتے ہیں اور شہادت دیتے ہیں جو پچھلے اوراق میں گذر گئی اب جب کوئی خدا وند عالم کے سامنے شہادت دے کر خود آپ اپنی شہادت سے در گذر ہوجائے تو پھر ایسے شخص کا انسانوں کے سامنے کیا بھروسہ اور پھر خدا وند عالم نے جو جنت کا وعدہ کیا ہے وہ اس سے بھی در گذر ہو جائے گا ایسے لوگوں کے لئے ہےاور دوسرے وعدے کوپورا کرے گا ۔ یہ سب دیکھ کر ایک درس تو ضرور ملتا ہے اور

وہ یہ ہے کہ ہدایت کی ذمہ داری خدا وند عالم ہی کی ہے۔ اور یہ ہدایت کا نور لمحہ بہ لمحہ ہم تک پہنچتا رہتا ہے۔ لہٰذا ہر وقت یہ دو عائیں پڑھنا نہیں بھولنا چاہئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَالِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْ لَا اَنْ ھَدٰنَااللّٰہُ
سورہ اعراف ، آیت ۴۳

شکر ہے اس خدا کا جس نے ہمیں اس (منزل مقصود) تک پہنچا دیا۔ اور اگر خدا ہمیں یہاں نہ پہنچاتا تو ہم کسی طرح یہاں تک نہ پہنچ سکتے۔

شیعہ نظریہ: اسلام بزور شمشیر پھیلائیں گے۔

بہائی حضرات اس شک و شبہ کے ذیل میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام زمانہ روحی وار واحنا الفدہ (لکم دینکم ولی الدین) اور(سورہ کافرون کی آیت) لَا اِکْرَاہَ فِیْ الدِّیْنِ، ان دونوں آیتوں کی نا فرمانی کریں گے اور اسلام کو بزور شمشیر پھیلائیں گے۔ لہٰذا ایرانی عوام تیار بیٹھی تھی کہ وہ حضرت قائم اور ان کے اصحاب کو منہ توڑ جواب دیں لہٰذا جب مرزا علی محمد نے اپنے آپ کو قائم کہلوایا تو لوگوں نے ان سے انتقام لینا شروع کیا۔

جوابات:

بہائی حضرات ایک آیت یا ایک حدیث اس ضمن میں شیعہ حوالہ سے پیش کردیں کہ امام زمانہ علیہ السلام ان آیتوں کی مخالفت کریں گے تو پھر ہم بات کو آگے برھائیں، یا ہم خود بہائی مذہب قبول کرنے کے لئے تیار ہو ں گے۔

اس ضمن میں بہائی حضرات کیوں کر کوئی آیت یا حدیث پیش کر سکتے ہیں ؟ جبکہ پہلی آیت ایک مخصوص صورت سے متعلق تھی اور دوسری آیت عہد رسول ہی میں جاہداالکفار و المنافقین (سورہ توبہ آیت ۷۳) کی آیت سے منسوخ ہو چکی تھی۔
ترجمہ:اے نبی کفارومنافقین سے جہادکرو.
کاش بہائیوں نے ہوالذی ارسل رسولہ با لہدی و دین الحق۔(Ref.) کی آیت بھی دیکھ لیا ہوتا۔

شیعیان آئمہ معصومین کا یہ عقیدہ ضرور ہے کہ ان کی حکومت بارعب ہوگی۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ ایک رات میں غلبہ عنایت کرے گا۔
یصلح اللّٰہ ....فی لیلۃ۔

ان کی حکومت سارے عالم پر ہوگی ۔ حق کا بول بالا ہوگا ۔ ظالمین سے انتقام
لیا جائے گا۔ اہل کتاب سے مسالمہ ہوگا۔ جس کے نتیجہ یہ سب ملت حق میں
داخل ہوجائیں گے۔ کیا بہائی حضرات کے سامنے اسی کو شمشیر کے زور پر پھیلنا
کہتے ہیں۔

شیعوں کے مذکورہ بالا عقیدہ کے لئے ذیل میں حدیثیں پیش خدمت ہیں۔
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:
”قائم با رعب اور منصور راز جانب خدا ہوں گے ان کے لئے طی الارض ہوگا اور
زمین اپنے خزانوں کو پیش کردے گی ۔ ان کی حکومت مشرق و مغرب تک پہنچ
جائے گی۔ اور ان کے ذریعہ سے خدا اپنے دین کو غلبہ دے گا ۔ چاہے مشرکوں کو
ناگوار ہو۔ اسی وقت زمین کا ہر خرابہ آباد ہوگا۔“
بحار ج ۱۳ ص ۱۵۵

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ۔ (جس کا
خلاصہ یہ ہے) ذوالقرنین کی طرح قائم مشرق و مغرب تک پہنچیں گے ، ان کے
لئے خداوند عالم زمین کے خزانوں کو ظاہر کردے گا ۔ اور ان کو بارعب قرار دے
گا ۔ وہ عدل و داد سے زمین کو بھر دیں گے۔
بحار ج ۱۳ ص۱۸۷

لِيَظْهِرَہٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّہٖ وَلَوْ كَرِہَ الْمُشْرِكُوْن کے متعلق حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ قسم ہے کہ اس کی تاویل کا وقت بغیر ظہور قائم
نہ ہوگا جب وہ ظاہر ہوں گے تو کوئی کافر باللہ اور مشرک بالامام ایسا نہ
ہوگا جو حضرت کے ظہور کونا پسندکرتا ہو۔ ایسے ظالموں کو کہیں پناہ نہ ملے
گا۔
بحار ج ۱۳ ص ۱۹۳

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔
”خدا قائم کے ہاتھوں پر مشارق و مغارب ارض کو فتح عطا کرے گا۔“
بحار ج ۱۳ ص ۲۰۰

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:
” جب قیام قائم ہوگا تو شامی بنی امیہ کو مطلب کریں گے۔ وہ روم بھاگ جائیں
گے ۔ رومی ان کو نصرانی ہو جانے کی شرط سے پناہ دیں گے۔ جب اصحاب قائم
وہاں پہنچیں گے تو امان اور صلح کے خواہاں ہوں گے یہ لوگ کہیں گے کہ ہم
لوگ اس وقت تک صلح نہ کریں گے جب تک ہمارے مغرور دین کو واپس نہ دو گے
چنانچہ وہ رومی شامیوں کو انکے حوالے کردیں گے۔“

بحار ج ۱۳ ص ۲۰۰

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:
” جب قیام قائم ہوگا تو ہر ناجی پر ولایت پیش ہوگی۔ اگر انکار کرے گا تو قتل ہوگا یا جزیہ دے گا۔“
بحار جلد ۱۳ ص ۱۹۹

حضرت امام صادق علیہ السلام سے راوی نے ذمی کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ان سے مثل رسول اللہ حضرت قائم بھی صلح کریں گے ۔ اور جزیہ لیں گے ۔ ناجیوں کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ ہمارے مخالفین کا ہماری حکومت میں کوئی حق نہیں ۔ ان کا خون آج تم پر اور پیغمبر پر حرام مگر ظہور قائم کے وقت انکا خون ہم پر حلال کردے گا ۔
بحار ج ۱۳ ص ۱۹۹

قارئین ملاحظہ فرمائیں کیا کہیں بلا استثناء یہ کہا گیاہے کہ حضرت صرف اور صرف خون خرابہ کریں گے ۔ اور اسلام کو شمشیر کے زور پر پھیلائیں گے ۔ ہاں یہ ہے کہ بہائیوں جیسے ناجی جو دیگر آئمہ کے زمانے میں بھی موجود تھے انہیں نہیں چھوڑیں گے۔

مندرجہ بالا روایتوں میں اس بات کی صریحاً تاکید کی گئی ہے کہ وہ زمانہ پر غلبہ پائیں گے ۔ نہ کہ زمانہ ان پر غلبہ پائے گا۔ اب بہائی حضرات بتائیں انہوں نے ایرانیوں پر غلبہ پایایا ایرانیوں نے ان پر ۔ اور جب وہ ایرانیوں پر غلبہ نہ پاسکے تو پھر ساری دنیا پر کیا غلبہ پائیں گے۔

اسکے بر خلاف حضرت قائم علیہ السلام کتاب اللہ اور سنت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر چلتے ہوئے حکومت کریں گے اور دوسرے آئمہ کی طرح بالکل تقیہ میں نہ ہوں گے۔ جس کے ضمن میں بہت ساری روایتیں پائی جاتی ہیں ۔ذیل میں ہم تبرکاً چند کا ذکر کرتے ہیں ۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ایک طولانی روایت میں ہے کہ حضرت قائم علیہ السلام اپنے آپ کو یاد گار انبیاء بتاتے ہوئے ارشاد فرمائیں گے کہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے باب میں مجھ سے کون محاسبہ کرسکتا ہے ۔ میں ان دونوں کے ساتھ اولیت رکھتا ہوں۔
بحار ج ۱۳ ص ۱۶۷ و۱۹۱

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: قائم علیہ السلام مکہ میں کتاب اور سنت رسول اللہ پر لوگوں سے بیعت کرلیں گے۔“
بحار ج۱۳ ص ۱۸۳

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:قائم علیہ السلام منبر پر جاکر لوگوں سے وعدہ کریں گے کہ تمہارے درمیان رسول کی سیرت پر چلوں گا اور انھیں کی طرح عمل کروں گا ۔ “
بحار ج ۱۳ ص ۱۹۰

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:”قائم کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر سفیانی کو دعوت دیں گے ۔پہلے وہ قبول کرے گااور پھر بہک جائے گا۔“
بحار ج ۱۳ ص ۱۹۲

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: ” قائم سیرت رسول پر چلیں گے اور آثار محمدی کو ظاہر کریں گے ۔ اس سلسلہ میں آٹھ روز تک تلوار استعمال (نہ) کریں گے۔“
بحار ج ۱۳ ص ۱۹۳

ان تمام باتوں کا لب و لباب یہ ہے :وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ۔ سورہٴ فصّلت کی آیت ۶ و۷ کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔
ویل للمشرکین الذین اشرکو بالامام الاوّل و ہم بالائمة الاخرین کافرون۔.........
ترجمہ: ویل ہوان مشرکوں کیلئے جنھوں نے امام اول (علی)کے ساتھ کسی کو شریک کیااور امام آخرؑ(امام مهدی)کا انکارکیا(.
بحار ج ۲۳ ص ۸۳۔۸۴ ۔۲۴

’لہٰذا بہائی حضرات اب گھبرائے ہوئے ہیں کہ ہمارا قائم تو آکر جا چکا اور ہمیں دنیا پر غلبہ نہیں ملا۔ قرآن کا وعدہ ہے جو غلط ہو نہیں سکتا تو ان کو ابھی سے ناگوار گذرنا شروع ہو گیا ہے۔

اصل قائم کا غلبہ ساری دنیا پر ہوگا اور مشرکوں کو ناگوار گذرے گا۔ اور جھوٹے قائم پر دنیا کا غلبہ ہوگا اور انھیں خود ناگوار گذرے گا ۔ جس کی تائید قرآن ان الفاظ میں کر رہا ہے ۔
انّ حذب اللّٰہِ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وَلَا خَوْفٌعَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

نتیجہ:

بہائی حضرات کا یہ خاص رویہ رہا ہے کہ آیتوں کو عربی میں پیش کر کے اپنے آپ کو عالم ثابت کرنے کی کوشش کریں گے اور حدیثوں کو غلط حوالوں سے غلط پیش کر کے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ مرزا علی باب اس قوم کے مہدی تھے۔ اور مرزاحسین بہاء اللہ نئے نبی ہیں ۔ حالانکہ دلائل اور طور طریقہ سے ان کے لئے بھی ثابت ہے کہ مرزا علی محمد مہدی نہیں تھے۔ لیکن چونکہ عام عوام کو حوالے ڈھونڈنے کی فرصت نہیں ہوتی اور اگر ڈھونڈ بھی لیا تو یہ کتابیں عربی میں ہیں ترجمہ تو ہوا نہیں ہے لہٰذا ان کو سمجھنے سے قاصر ہیں ۔ ویسے بھی جیسے قرآن کے لئے ملتا ہے کہ بعض کو ہدایت کرتا ہے اور بعض کو گمراہ ویسے ہی آئمہ معصومین کی حدیثیں بھی سمجھنا مشکل ہے بعضوں کے لئے، اور بعض کے لئے آسان ہے ۔ لہٰذا روایات میں ملتا ہے کہ آئمہ معصومین جب دشمنوں کے نرغے میں گھرے ہوئے ہوتے تھے تو پورا لفظ بونے کے بجائے صرف حرف بولدیا کرتے تھے ۔ اور ان کے اصحاب صالح اُس حرف کا مفہوم سمجھ جایا کرتے تھے ۔ جیسا کہ بہلول کے بارے میں مشہور ہے .... لہٰذا ہمیں مندرجۂ ذیل چیزوں پر عمل کرنا چاہیئے۔

عربی سیکھیں اور اپنے بچوں کو سیکھائیں ضروری نہیں کہ حوضۂ علمیہ میں ہی جاکر سیکھیں بلکہ دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ۔

احادیث کا مطالعہ کریں اورمطالعہ شروع کرنے سے پہلے اللہ، اس کے رسول اور آئمہ معصومین سے مدد طلب کریں کہ وہ ہمیں ان کی حدیثوں کو سمجھنے اور ہضم کرنے کی توفیق دیں۔

عربی بولنے والوں یا آیات پڑھنے والوں سے متاثر ہوکر ایمان کی دولت نہ ڈالیں بلکہ اگر وہ آئمہ معصومین کے خلاف جارہی ہیں تو اگر ہم سکت و طاقت رکھتے ہیں دفاع کی تو دفاع کریں ورنہ ایسی مجلسوں میں نہ بیٹھیں کیوں کہ جب ایک عام مسلمان کے لئے یہ حکم ہو سکتا ہے کہ ہمارے شیعوں کو چاہیئے کہ ایسح جگہ نہ بیٹھیں جہاں کہ موٴمن کی غیبت ہورہی ہو تو آئمہ معصومین تو بحرحال عام موٴمن سے بلند درجہ رکھتے ہیں ۔

شیعہ نظریہ: حضرت امام مہدی نئی شریعت اور نئی کتاب لے کر آئیں گے

بہائی حضرات شیعوں کی حدیثوں سے یہ بات ثابت کرنا چا ہتے ہیں کہ جسے ان کے خود ساختہ مہدی نئی شریعت (یعنی شریعت بہائیہ) اور نئی کتاب (کتاب بیان عربی و فارسی)وغیرہ لے کر آئے تھے۔ اس کا سراغ شیعہ احادیث میں ملتا ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل احادیث کو بہائی حضرات ثبوت کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

پہلی حدیث: حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ قائم آل محمد نئی شریعت اور نئی احکام کے ساتھ ظہور فرمائیں گے جس طرح سے رسول اللہ نے ابتداء اسلام میں لوگوں کو نئی شریعت کی دعوت دی تھی۔
بحار ج ۳۲۳

جوابات:
یہ روایت بحارالانوار میں دئیے ہوئے حوالے اور اس کے آگے پیچھے بھی موجود نہیں ۔ لہٰذا اس پر گفتگوسے کچھ حاصل نہیں

دوسری حدیث: امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں جس وقت قائم ظاہر ہوگا تو وہ احکام قبل کو منسوخ کردیگا۔ جس طرح سے رسول اللہ نے احکام سابقہ کو منسوخ فرمایا تھا اور جدید اسلام کو پھیلایا تھا۔
بحار الانوار ۳۳۰

جوابات:
یہ حدیث بھی بحارالانوار کے دئیے ہوئے حوالے اور قبل وبعد بھی موجود نہیں۔

ہاں یہ حدیث کتاب کشف الغمہ کے ص ۳۲۰ / پر ملتی تو ہے۔ لیکن اس میں کہیں شریعت ، احکام کے الفاظ نہیں ہیں ۔ بلکہ صرف کتاب جدید اور امر جدید کے الفاظ ہیں۔

ہم بھی اس کے قائل ہیں کہ مسلمان اسلام حقیقی سے اس قدر بیگانہ ہوچکے ہوں گے کہ اسلام حضرت کی طرف دعوت دینا امر جدید معلوم ہوگا۔ جیسے ایام جاہلیت میں لوگ ملت ابراہیمیہ سے بہت دور ہو گئے تھے۔

یہ بات کسی نئی شریعت کے لانے کے ضمن میں نہیں کہی گئی ہے۔ بلکہ لوگوں کی جہالت کی بناء پریہی دین اسلام ان کو نیا دین معلوم ہوگا۔اوریہ صرف ظہور سے مخصوص نہیں بلکہ آج بھی جب ہم اپنے بزرگوں سے کوئی ایسی چیز شرع و شریعت کی بتاتے ہیں جو انھیں نہیں معلوم ہوتی تو وہ یہی کہتے ہیں کہ کونسا نیا مذہب لے کر آئے ہو۔

لیکن بحرحال یہ حدیث کسی بھی طریقہ سے مرزاعلی محمد باب ، مرزا حسین علی اور بہائی مذہب کے مفاد
کے لئے یا پیشنگوئی کے طور پر نہیں بیان کی گئی ہے۔بلکہ اگر بہائی حضرات اس حدیث کو اپنے لئے منطبق کریں تو شاید یہ ان سب سے بڑی بھول ہوگئی۔

تیسری حدیث:اگر یہ لوگ جان لیں کہ قائم ظہور فرمانے کے بعد کیا کرے گا تو لوگ تمنا کرتے کہ کاش ہم اس کو نہ دیکھیں کیوں کہ شریعت جدیداور حکم جدید کتاب جدید اور حکم جدید کے ساتھ ظاہر ہوگا اور یہ بات لوگوں کو گراں گزرے گی
مجمع النورین

جوابات:
اس قسم کی کوئی روایت نہ ہی مجمع النورین میں موجود ہے اور نہ ہی بحارالانوار میں موجود ہے۔

ان تمام حدیثوں کے بارے میں ہمارا دعویٰ ہے کہ ان میں شریعت کا لفظ صراحۃً موجود نہیں ہ اور کیونکر موجود ہو سکتا ہے جبکہ سابق میں ہم بکثرت حوالے دے چکے ہیں کہ امام ز مانہ علیہ السلام کتاب و سنت رسول اللہ پر عمل کریں گے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کسی نے دریافت کیا کہ مولیٰ کیا امام زمانہ علیہ السلام کے لئے وحی ہوگی فرمایا ہ رسول اللہ والی وحی نہیں ہوگی وہ رسول کے انتقال کے بعد بند ہو گئی ہاں مادر موسیٰ و جناب مریم والی وحی ہو گی اب تو بہائی حضرات یہ نہیں کہہ سکتے کہ قائم نئی شریعت نئی کتاب لے کر آئے گا جب وحی کا راستہ ہی بند ہو گیا تو کیسے شریعت اور کیسے کتاب لیکر آ ئیں گے ہ لہٰذا قائم ہی نہیں بلکہ کوئی اور بھی اگر اس کا دعویٰ کرے جیسے مرزا غلام احمد قادیانی ، مرزا علی محمد ، مرزا حسین علی تو پھر وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہے۔

ہماری طرف سے بہائیوں کو یہ کھلا چیلنج ہے کہ ایک حدیث بھی ہماری معتبر کتاب سے بتا دیں جس میں شریعت جدید یا کتاب جدید کی بات کی گئی ہوے اور وہ ایسا نہیں کر سکتے، بلکہ اس کے خلاف بہت ساری حدیثیں ملتی ہیں جن میں کچھ یہاں نقل کی جارہی ہیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ قائم قیام فرمائیں گے تو ان لوگوں کے لئے خیمے نصب
فرمائیں گے جو لوگوں کو مطابق تنزیل قرآن تعلیم دیں گے۔ یہ چیز حفاظ پر نہایت شوق گذرے گی۔
بحارالانوار جلد ۱۳ ص ۱۸۱

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم نے ارشاد فرمایا قائم میری نسل سے ہوگا وہ میرا ہم نام اور ہم کنیت ہوگا۔ اس کے شمائل میرے شمائل اور اس کی سنت میری سنت ہو گی۔ وہ لوگوں کو میری شریعت پر قائم کرے گا ۔ اور لوگوں کو کتاب باری کی طرف دعوت دے گا ۔جس نے اس کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی۔

اسرار العقائدص ۸۳

نتیجہ:

بہائی حضرات اس قسم کی گڑھی ہوئی حدیث کو پیش کرکے کوئی بھی حوالہ دے دیتے ہیں تا کہ لوگ اسے مستندمانیں اور مرزا علی محمد کومہدی سمجھ بیٹھیں ۔ جب رسول نے کہہ دیا کہ اس کی اطاعت میری اطاعت ہے ۔ تو کیا رسول اللہ ۱۷/ رکعت نماز کو کم کر کے ۹/ رکعت نماز پر راضی ہو جائیں گے ۔ یا منی جس کو آپ نے نجس بتایا بہائیوں کے پاک کہنے پر راضی ہو جائیں گے ۔ یا روزوں کی تعداد ۲۹ یا ۳۰ کی بجائے ۱۹/ روزوں پر راضی ہوجائیں گے یا وہ آیت قرآن کہ ان عدة الشہور عند اللہ اثنا عشرہ ” بیشک اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد ۱۲/ کی بجائے ۱۹/ کردی گئی ہو تو خوش ہو جائیں گے ۔ یہ سب من گڑھت حدیثیں اور غلط حوالے لوگوں کو دھوکا دینے کے علاوہ اورکیا ہے۔اورعجیب وغریب بات ہے کہ قرآن نقل کرتا ہے کہ کا فروں کے سامنے جب دین اسلام لیکر جاؤ تووہ جن وجوہات کی بناء پر اسے ردکرتے ہیں وہ یہ کہ ہمارے آباواجداد ایسا نہیں کرتے تھے۔ اورامام زمانہ دین اسلام کے (نعوذباِاللہ)خلاف کریں گے کہ ہمارے آباء واجدادایساکرتے تھے فاعقبرویااولی الابصار۔

انیسویں صدی عیسوی میں اسلام کے خلاف بہت سے فتنے کھڑے ہوئے اور تحریکیں اٹھیں۔ ان تحریکوں میں سے ایک تحریک بابیت اور بہائیت ہے۔ جس نے شریعتِ اسلامیہ کو منسوخ قرار دیا اور ایک نئی شریعت بنا کر پیش کی گئی۔

اس تحریک نے پوشیدہ رہ کر اسلام کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا۔ اس تحریک کا آغاز کیسے ہوا؟ اسلام کے خلاف اس نے کیسی کیسی خوفناک سازشیں کیں اور پھر اس کی قیادت کس طرح انتشار کا شکار ہو گئی اس کا مختصر جائزہ درج ذیل سطور میں پیش کیا جاتا ہے۔

علی محمد باب

بابی مذہب کے بانی علی محمد ایک تاجر شیعہ گھرانے میں یکم محرم ۱۲۳۶ھ / ۹۔اکتوبر ۱۸۲۰ء کو شیراز (ایران) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شیخ عابد سے حاصل کی جو فرقہ شیخیہ کے بانی شیخ زین الدین احسائی (۱۱۵۴ھ تا ۱۲۴۲ھ) کے شاگرد سید کاظم رشتی (وفات ۱۸۴۳ء) کے مرید تھے۔ ایک دفعہ سفر کربلا کے دوران علی محمد کی ملاقات سید کاظم رشتی سے ہوئی اور ان سے تعلیم پانے لگے۔ یہ سلسلہ دو سال تک جاری رہا۔

باب ہونے کا دعویٰ

سید کاظم رشتی کا خیال تھا کہ امام غائب کے ظہور کا وقت قریب آ چکا ہے اس لئے انہوں نے اپنی وفات سے قبل امام غائب کی تلاش میں اپنے مریدوں کو ایران میں پھیلا دیا۔ سید کاظم رشتی کی وفات کے پانچ ماہ بعد ان کے ایک مرید ملا حسین بشروئی شیراز میں علی محمد سے ملے ان کی تحریک پر علی محمد نے ۲۳ مئی ۱۸۴۴ء کو باب ہونے کا دعویٰ کیا۔ (تاریخ نبیل صفحہ ۳۴‘ ۳۵ نبیل زرندی تلخیص زینا سہراب جی ناشر بہائی پبلشنگ ٹرسٹ کراچی)

ملا حسین بشروئی کے متعلق خود بہاء اللہ نے لکھا ہے۔

> ’’اگر وہ نہ ہوتا تو خدائے بزرگ و برتر مقام رحمت پر جلوہ فرمانہ ہوتا اور اپنے تختِ عزت و جلال پر نزول نہ فرماتا‘‘۔(قرنِ بدیع صفحہ ۳۸ شوقی افندی ترجمہ سید ارتضیٰ حسین ناشر مؤسستہ مطبوعات ملی بہائیاں پاکستان)

شیعہ عقائد کی رو سے باب امام مہدی اور لوگوں کے درمیان واسطہ کو کہتے ہیں ابتداءً علی محمد نے باب ہونے کے دعویٰ پر ہی اکتفا کیا لیکن کچھ عرصہ بعد صاحب شریعت اور تمام نبیوں سے افضل ہونے کا دعویٰ کر

دیا۔ چنانچہ بہاء اللہ نے لکھا:۔

''۔۔۔ ایسا نقطہ ہیں جس کے گرد تمام انبیاء اور رسولوں کی حقیقت گھومتی ہے اور آپ کا مرتبہ تمام انبیاء سلف سے بڑھ چڑھ کر ہے اور آپ کا ظہور تمام برگزیدہ انبیاء کے خیال اور تصور سے بالاتر ہے۔'' (قرنِ بدیع صفحہ ۹۴ از شوقی افندی ترجمہ سید ارتضیٰ حسین ناشر مؤسسہ مطبوعات ملی بہائیاں پاکستان)

بابیت کی تبلیغ

علی محمد نے اپنے ابتدائی اٹھارہ مریدوں کو حروف حیٔ کا نام دیا جنہوں نے کھلم کھلا تبلیغ شروع کر دی اور حکومتی معاملات میں بھی دخل اندازی کرنے لگے ان کے مرید مسجدوں میں جا کر اذان دیتے جس میں علی محمد باب کا ذکر تھا اور زبردستی ممبروں پر چڑھ کر تبلیغ کرتے۔ (تاریخ نبیل صفحہ ۶۹' ۱۶۳ از نبیل زرندی تلخیص زینا سہراب جی)

علی محمد کی گرفتاری اور دعویٰ سے دستبرداری

متشدّدانہ تبلیغی سرگرمیوں کی وجہ سے علی محمد باب کے مریدوں کا عوام الناس سے تصادم ہونے لگا جس کی وجہ سے حکومت نے امن عامہ کی خاطر علی محمد باب کو حراست میں لے لیا اور ملاقات پر پابندی عائد کر دی لیکن علی محمد باب نے اپنی خفیہ سرگرمیاں جاری رکھیں جس کا حکومت نے سختی سے نوٹس لیا تو علی محمد باب دعویٰ سے دستبردار ہو گئے۔ (تاریخ نبیل صفحہ ۷۱ از نبیل زرندی تلخیص زینا سہراب جی)

اس پر حکومت نے انہیں رہا کر دیا لیکن کچھ عرصہ گذرنے کے بعد علی محمد باب اور اس کے مریدوں نے اپنی کارروائیاں پھر تیز کر دیں جس کی وجہ سے انہیں دوبارہ گرفتار کر لیا۔

اسلامی شریعت کی منسوخی کا اعلان

اس دوران علی محمد باب کے سرگرم مرید مرزا حسین علی نوری المعروف بہاء اللہ کی سرکردگی میں ۱۸۴۸ء میں بدشت کے مقام پر بابی سربراہوں کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں علی محمد باب کی ایک مرید عورت ام سلمیٰ قرۃ العین طاہرہ نے پہلی دفعہ اسلام کی منسوخی کا اعلان کیا اور علی محمد باب کی رہائی کیلئے مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس کانفرنس میں مرزا حسین علی نوری نے اپنے لئے بہاء کا لقب استعمال کیا۔ (قرن بدیع صفحہ ۶۵'۶۶ از شوقی افندی ترجمہ سید ارتضیٰ حسین ناشر مؤسسہ مطبوعات ملی بہائیاں پاکستان)

بدشت کانفرنس کے بعد بابیوں نے پرتشدّد کارروائیاں شروع کر دیں جس کے نتیجے میں ایران میں زبردست فسادات برپا ہوئے۔ اور بابی قلعے بند ہو کر حکومت کے خلاف کئی ماہ تک لڑتے رہے۔ ان معرکوں میں سرکردہ بابی مرزا حسین علی نوری ملا حسین بشروئی اور قرۃ العین پیش پیش تھے۔ انہوں نے اپنے جانثاروں کو حکومت کا لالچ دیا لیکن اس کے باوجود ان معرکوں میں بابیوں کو بری طرح ناکامی ہوئی۔

بابی شریعت البیان

ادھر قلعہ ماہ کو میں قید علی محمد باب نے شریعت کی کتاب ’’البیان‘‘ لکھنی شروع کی جسے قرآن مجید کا ناسخ قرار دیا (بابی تصور کے مطابق وحی آسمان سے نازل نہیں ہوتی بلکہ دل سے اٹھتی ہے۔) مگر اسے بھی مکمل نہ کر سکا۔ (ظہور مہدی و مسیح صفحہ ۴۱۱ بہائی پبلشنگ ٹرسٹ کراچی)

البیان میں بابیوں کو جارحانہ اور پرتشدّد طریق اپنانے کی تلقین کی گئی ہے۔ جیسا کہ عبدالبہاء نے لکھا ہے۔

’’حضرت اعلیٰ (علی محمد باب) کا حکم البیان میں یہی ہے کہ جو لوگ آپ پر ایمان نہیں لائے اور آپ کی تصدیق نہیں کرتے ان کی گردنیں اڑا دی جائیں اور ان کا قتل عام کیا جائے اور علوم و فنون اور مذاہب عالم کی جتنی کتابیں ہیں ان کو جلا دیا جائے اور جتنے مقامات اور قبورانبیاء ہیں ان میں سے بھی کسی کو نہ چھوڑا جائے سب کو گرا دیا جائے‘‘۔ (مکاتیب عبدالبہاء جلد۲ صفحہ ۲۶۶ مطبع کردستان العلمیہ مصر ۱۹۱۰ء)

اسی طرح البیان کے بارے میں بہاء اللہ و عصر جدید صفحہ ۵۲ عربی میں لکھا ہے۔ ان البیان قد اوحی الیہ ممن یظھرہ اللّٰہ یعنی من یظہرہ اللّٰہ (بہاء اللہ) ہی آپ کے الہام کا واحد منبع اور آپ کی محبت کا یگانہ مرکز ہیں۔

علی محمد باب کی وفات

بابیوں کی سرگرمیاں جب حکومت اور عوام کی نظر میں بہت زیادہ مخدوش اور پُرتشدّد ہو گئیں تو حکومت نے علی محمد باب کو تبریز سے لا کر جولائی ۱۸۵۰ء میں گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ علی محمد باب نے اپنی موت سے ایک روز قبل مایوس ہو کر اپنے مریدوں سے کہا کہ وہ خود ہی اسے قتل کر دیں اور انہیں یہ وصیت کی کہ جب تم سے میرے بارے میں استفسار کیا جائے تو تقیہ سے کام لینا اور میرا انکار کر دینا اور مجھ پر

لعنت بھیجنا۔ (نقطہ الکاف صفحہ ۲۴۷ مرزاجانی کاشانی لندن ۱۹۱۰ء)

علی محمد باب کی جانشینی

باب نے اپنی وفات سے قبل بہاء اللہ کے چھوٹے سوتیلے بھائی مرزا یحییٰ صبح از ل کو اپنا جانشین مقرر کیا اور تمام ضروری کاغذات اور مہریں وغیرہ اس کے سپرد کر دیں۔ (نقطہ الکاف صفحہ ۲۴۴ ایضاً)

علی محمد باب چونکہ اپنی خود ساختہ شریعت ’’البیان‘‘ نامکمل چھوڑ گئے تھے اس لئے صبح ازل نے ’’المستیقظ‘‘ نامی کتاب لکھی جسے ’’البیان‘‘ کا تتمہ قرار دیا۔ لیکن بہائیوں کا کہنا ہے کہ ’’المستیقظ‘‘ میں ’’البیان‘‘ کے حکموں کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔بعد میں بہاء اللہ نے یحییٰ صبح ازل کو ’’دجال‘‘ قرار دیا۔

بابیوں کی حکومت مخالف کارروائیاں

۱۶۔ اگست ۱۸۵۲ء کو چند بابیوں نے شاہِ ایران پر گولی چلا دی لیکن نشانہ خطاء گیا اور حملہ آور گرفتار کر لئے گئے۔ (بہاء اللہ و عصر جدید صفحہ ۳۱ از جے۔ای ایسلمنٹ بار ششم ۱۹۸۳ء بہائی پبلشنگ ٹرسٹ کراچی)

شاہِ ایران پر قاتلانہ حملہ کے بعد حکومت نے بابیوں کو گرفتار کرنا شروع کیا جس پر اکثر بابی بھیس بدل کر دوسرے ملکوں میں بھاگ گئے اور بابی تحریک کے سربراہ صبح ازل بھی بغداد چلے گئے۔ چالیس بابی گرفتار ہوئے جن میں مرزا حسین علی نوری المعروف بہاء اللہ بھی تھے۔

چارماہ بعد روسی سفیر کی سفارش پر بہاء اللہ رہا ہوئے۔ (لوح ابن ذئب صفحہ ۴۲ از بہاء اللہ ناشر محفل روحانی ملّی بہائیاں کراچی)

روسی حکومت کی بہاء اللہ میں دلچسپی سے اندازہ ہوتا ہے کہ مذہبی سے زیادہ یہ سیاسی تحریک تھی۔

کچھ عرصہ بعد حکومت نے مرزا حسین علی نوری کو بھی بغداد بھجوا دیا لیکن انہوں نے وہاں بھی اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں اس پر حکومت نے انہیں قسطنطنیہ (ترکی) اور پھر ایڈریا نوپل بھیج دیا۔

بہاء اللہ اور صبح ازل میں اختلافات

جب بہاء اللہ اور صبح ازل میں اختلافات شروع ہوئے توبہاء اللہ نے

دعویٰ کیا کہ باب نے ''البیان'' میں پیشگوئی کی تھی کہ میرے بعد من یظھرہ اللّٰہ (جسے خدا ظاہر کرے گا)آئے گا اور وہ میں ہوں اور مرزا یحییٰ صبح ازل باب کے حقیقی جانشین نہیں بلکہ اسے صرف لوگوں کو دھوکہ دینے کیلئے مقرر کیا گیا تھا تا ان کی توجہ بہاء اللہ سے ہٹ جائے اور وہ محفوظ رہے۔(مقالہ سیاح صفحہ ۵۵ عباس آفندی مترجم مصطفی رومی مطبوعہ دہلی)

سوال یہ ہے کہ یہ دھوکا باب نے دیا یا انکے جانشین یحییٰ صبح ازل نے یا بہاء اللہ نے؟

اس اختلاف کے بعد بابی مذہب دو فرقوں میں تبدیل ہو گیا بہاء اللہ کے پیروکار بہائی کہلائے اور صبح ازل کے ماننے والے ازلی کہلائے بہاء اللہ اور صبح ازل نے ایک دوسرے کو زیر کرنے کی کوشش کی ایک دوسرے کے خلاف حکومت کے پاس شکایات کیں۔ دونوں فرقوں میں تصادم کے نتیجے میں بعض افراد قتل بھی ہوئے جس کا الزام دونوں ایک دوسرے پر لگاتے رہے۔ ((Materials for the study of the Babi Religion E.E Brawn 1918

بابیوں کے شدید اختلافات اور فتنہ فساد کی بناء پر ترکی حکومت نے بہاء اللہ اور اس کے ساتھیوں کو عکا فلسطین بھجوا دیا اور صبح ازل کو جزیرہ قبرص روانہ کر دیا۔ بہائی صبح ازل کو دجال اور قبرص کو جزیرہ شیطان قرار دیتے ہیں۔ (ظہور مہدی و مسیح صفحہ ۶۰۱، ۶۰۲ بہائی پبلشنگ ٹرسٹ کراچی)

بہائی شریعت الاقدس

۱۸۷۳ء میں بہاء اللہ نے عکہ میں البیان کو منسوخ کر کے الاقدس لکھنی شروع کی ہر چند کہ یہ شریعت بھی بہائی تصور کے مطابق ان کی اپنی نازل کردہ اور خود ساختہ ہے۔ جس کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ الاقدس کا ایک لفظ پڑھنا سب الہامی شریعتوں کے پڑھنے سے بہتر ہے۔ لیکن بہاء اللہ نے اسے اپنی زندگی میں شائع کیا نہ اس کے بیٹے اور جانشین عبدالبہاء نے اس کی اشاعت کی اجازت دی اور آج سو سال سے زائد عرصہ گذرنے کے بعد بھی بہت ہی محدود تعداد میں اسے شائع کیا گیا ہے۔

بہاء اللہ کا دعویٰ الوہیت

بہاء اللہ نے اپنی نسبت لکھا ہے:

’’لَا اِلٰــ اِلَّا اَنَا الْمَسْجُوْنُ الْفَرِیْدُ‘‘ (کتاب مبین از بہاء اللہ صفحہ ۲۸۶)

مجھ اکیلے قیدی کے سوا کوئی معبود نہیں۔

الاقدس اور دوسری الواح میں بہاء اللہ نے اپنے آپ کو مالک قدر‘ سمیع‘بصیر‘ عالم الغیب‘ موجد عالم اور خالق اشیاء قرار دیا ہے۔

بہاء اللہ کے دعویٰ کے بارے میں محفوظ الحق علمی لکھتے ہیں:۔

’’اہل بہاء نے کبھی نہیں کہا کہ نبوت ختم نہیں ہوئی اور (بہاء اللہ) موعود کل ادیان نبی یا رسول ہے۔ بلکہ اس کا ظہور مستقل خدائی ظہور ہے۔‘ ‘ (کوکب ہند دہلی ۲۴ جون ۱۹۲۸ء)

بہاء اللہ کے بیٹے اور جانشین مرزا عباس آفندی نے لکھا ہے۔

’’پہلے دن انبیاء کے دن کہلاتے تھے لیکن یہ دن یوم اللہ ہے۔‘‘ (ظہور مہدی و مسیح صفحہ ۴۹۷ بہائی پبلشنگ ٹرسٹ کراچی)

بہائی بہاء اللہ سے دعائیں کرتے ہیں۔ (دروس الدیانہ درس نمبر۹ ۱ ۔از محمد علی قائنی مصر ۱ ۳۴۱ ھ صفحہ ۲۸)

اسی طرح بہائی بہاء اللہ کی قبر کو سجدے بھی کرتے ہیں۔ (بہجۃ الصدور ۔از مرزا علی حیدر صفحہ۲۵۸)

اوران کا قبلہ بہاء اللہ کا مزار ہے۔ ۔

بہاء اللہ کی وفات اور بہائیوں میں اختلاف

بہاء اللہ نے ۱۸۹۲ء میں عکہ میں وفات پائی اپنی وفات سے قبل اپنے بیٹے عباس آفندی المعروف عبدالبہاء کو بہاء اللہ کے جانشین ہونے کی وصیت کی اور یہ لکھا کہ عباس آفندی کے بعد دوسرابیٹا مرزا محمد علی جانشین ہو گا اور اس کے بعد ہر پلوٹھابیٹا یا جس کے بارے میں ولی امر اللہ یعنی موجود بہائی لیڈر وصیت کر جائے وہ جانشین ہو گا۔ لیکن بہاء اللہ کی وفات کے بعد جانشین کے بارے میں اس کے دونوں بیٹوں میں اختلاف ہو گیا اور بہائیت دو حصوں میں تقسیم ہو گئی اور بہاء اللہ کی یہ خواہش اور وصیت بھی پوری نہ ہو سکی۔ اور امن کا ڈھنڈورا پیٹنے والی بہائیت کے اختلافات نفرت اور دشمنی کی شکل اختیار کر گئے۔ دونوں کے مرید آپس میں لڑنے جھگڑنے لگے اور ایک دوسرے پر بہاء اللہ کی تحریرات میں تحریف کا الزام لگانے لگے۔ (Materials for the study of the Babi Religion

الاقدس کی تعلیمات سے انحراف

بہاء اللہ کے بیٹے اور جانشین عبدالبہاء نے یورپ کے دورے کئے اور بہاء اللہ کی تعلیمات کو یورپین معاشرے کے مطابق ڈھالنا شروع کیا مثلاً بہاء اللہ نے اقدس میں لکھا ہے کہ ’’دو شادیوں کی اجازت ہے‘‘۔ (کتاب اقدس صفحہ ۴۴ نمبر ۶۳)

چنانچہ خود بہاء اللہ نے دو شادیاں کیں-

لیکن عبدالبہاء نے صرف ایک شادی کی اجازت دی۔ (کتاب اقدس صفحہ ۲۰۸)

اس طرح بہاء اللہ نے نماز با جماعت کے حکم کو منسوخ کیا ہے۔ (کتاب اقدس صفحہ۲۸ نمبر ۱۲)

لیکن عبدالبہاء مسلمانوں کی مساجد میں جا کر ان کے ساتھ نماز باجماعت پڑھتا رہا۔

Baha'u'llah and the new era by J.E. Esslemont P.82 Bahai)
(Publishing Trust Wilmette,illinois

عبدالبہاء نے ۱۹۲۱ء میں وفات پائی اس کی نرینہ اولاد نہ تھی اس لئے اس نے اپنے نواسے شوقی آفندی کو جانشین مقرر کیا حالانکہ بہاء اللہ کی وصیت کے مطابق عبدالبہاء کے چھوٹے بھائی محمد علی جانشینی کے حقدار تھے۔

شوقی آفندی کا رجحان مذہب کی طرف نہیں تھا مثلاً انہوں نے دیگر بہائی لیڈروں کے برخلاف اصرار کے باوجود داڑھی نہیں رکھی۔ لوگوں سے میل ملاقات کی بجائے وہ تحریر کے کام میں مصروف رہا۔ شوقی آفندی پر ۱۹۵۷ء میں اچانک دل کا حملہ ہوا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ اس کی کوئی اولاد نہ تھی اور نہ ہی اسے وصیت لکھنے کا موقعہ ملا۔ اس کی وفات کے بعد بہائیت پھر دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ایک حصہ شوقی آفندی کی بیوی روحیہ خانم کے ساتھ مل گیا اور دوسرا میسن ریمی کے ساتھ۔ آخر ۱۹۶۳ء میں بیت العدل کا قیام عمل میں آیا جس کے ۹ ممبر ہوتے ہیں اور اب یہی بہائیت کی سربراہی کرتے ہیں۔ بہائیوں کے نزدیک بیت العدل کے رکن اپنی ذات میں معصوم نہیں ہوتے لیکن بیت العدل اور اس کے فیصلوں

کو معصوم سمجھا جاتا ہے۔

اسی طرح بہائیت کا ایک بنیادی اصول مرد عورت میں مساوات ہے لیکن بیت العدل کے نوارکان میں ایک بھی رکن عورت نہیں۔

مندرجہ بالا مختصر جائزہ سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ بابیت اور بہائیت کوئی مذہب نہیں بلکہ ایک کلچر یا سیاسی تحریک کا نام ہے ایک عیسائی عیسائیت یاہندو ہندومت پر قائم رہتے ہوئے بھی بہائی ہو سکتا ہے۔ دہلی میں ان کی عبادت گاہ بہائی ٹمپل ہے تو یورپ میں بہائی چرچ۔ بہائیت دراصل اسلام کے مٹانے کا مذموم مقصد لے کر آئی جس نے آسمانی شریعت قرآن کریم کو منسوخ قرار دیا۔اور مذہب سے آزادی دے کر اباحت کا دروازہ کھولا ہے۔ تا کہ بے دین اور مذہب سے بیزار لوگوں کو اس تحریک میں شامل کیا جا سکے۔ چونکہ اپنے عقائد اور عزائم کو مخفی رکھنا اس تحریک کے بنیادی بارہ اصولوں میں شامل ہے اس لئے بعض اوقات کم علم مسلمان بہائیت کے فریب میں آ جاتے ہیں اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام الناس اس تحریک کے عزائم سے مطلع ہوں تا یہ تحریک اپنے منطقی انجام کو پہنچے۔

https://www.alislam.org/urdu/library/930/index.html